4015-ایام بیض اور شوال کے چھ روزوں کو ایک نیت میں جمع کرنا

سوال

کیا جس نے ایام بیض اور شوال کے چھ روزے ایک نیت کے ساتھ رکھے اسے وہ فضیلت حاصل ہوگی ؟

پسندیدہ جواب

میں نے یہ مسئلہ اپنے استاد اور شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز رحمہ اللہ تعالی سے پوچھا تو ان کا جواب تھا :

اسی کی امید ہے کہ اسے یہ اجر ملے گا کیونکہ اس نے چھ روزے اور اسی طرح کہا جاسکتا ہے کہا اس نے ایام بیض کے روزے بھی رکھے ہیں اور اللہ تعالی کا فضل بہت وسیع ہے ۔

اور اسی مسئلہ کے متعلق میں نے فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے پوچھا تو انہوں نے مندرجہ ذیل جواب دیا :

ہاں ، جب اس نے شوال کے چھ روزے رکھے تو ایام بیض کے روزے اس سے ساقط ہو گئے چاہے اس نے یہ روزے ایام بیض کے وقت یا اس سے پہلے یا بعد میں رکھے سب برابر ہیں کیونکہ یہ اس پر صادق آتا ہے کہ اس نے مہینہ میں تین روزے رکھے ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کا بیان ہے کہ :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینہ میں تین روزے رکھتے تھے انہیں اس کی کوئی پرواہ نہیں تھی کہ وہ مہینہ کے شروع میں رکھیں یا کہ وسط یا آخر میں ۔

اور اسی طرح ہے جس طرح کہ سنن راتبہ سے تحیۃ المسجد ساقط ہوجائے تو اگر کوئی مسجد میں داخل ہوا اور اس نے سنت راتبہ پڑھیں تو اس سے تحیۃ المسجد ساقط ہوجائے گی ۔